ایمان بانبیاء ورسل: بقرہ:۱۳۶عمران:۸۱، ۸۴، ۱۷۹انساء:۱۳۶، ۱۵۰ غافر:۷۸

احکام قرآنیہ میں سے ایک ایمان کتب سماوی بقرہ:۱۵۱، ۲۸۵عمران :۷۹، ۱۸۴انساء:۱۳۶انعام:۸۹مریم:۱۲طٰہٰ:۱۳۳حج:۸قصص:۹۲عنکبوت:

۲۷لقمان:۲۰فاطر:۲۵حدید:۲۵،۲۷تحریم:۱۲

﴿مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْآخِرِ وَ الْمَلائِكَةِ وَ الْكِتابِ وَ النَّبِيِّ﴾بقرہ:۷۷

،﴿وَ لا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْآخِرِ﴾۲۶۶،﴿آمَنَ الرَّسُولُ بِما أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ وَ الْمُؤْمِنُونَ كُلٌّ آمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلائِكَتِهِ وَ كُتُبِهِ وَ رُسُلِهِ﴾۲۸۵﴿﴾

عمران:۱۷۹

مناھج دعوت الانبیاء

اپنے دعویٰ نبوت کو ثابت کرنا﴿وَ لَقَدْ أَرْسَلْنا رُسُلاً مِنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَنْ قَصَصْنا عَلَيْكَ وَ مِنْهُمْ مَنْ لَمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ وَ ما كانَ لِرَسُولٍ أَنْ يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ فَإِذا جاءَ أَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَ خَسِرَ هُنالِكَ الْمُبْطِلُون﴾غافر:۷۸

لوگوں کو طاغوت سے الگ کرنا﴿وَ لَقَدْ بَعَثْنا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَسُولاً أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَ اجْتَنِبُوا الطّاغُوت﴾نحل:۳۶

۳۔تنذیر و تبشیر﴿فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيِّينَ مُبَشِّرِينَ وَ مُنْذِرِينَ﴾ بقرہ:۲۱۳﴿رُسُلاً مُبَشِّرِينَ وَ مُنْذِرِينَ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُل﴾نساء:۱۶۵﴿وَ ما نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَ مُنْذِرِينَ﴾انعام:۴۸﴿قَيِّماً لِيُنْذِرَ بَأْساً شَدِيداً مِنْ لَدُنْهُ وَ يُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِينَ﴾کہف:۲،﴿وَ ما نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا

مُبَشِّرِینَ وَ مُنْذِرِینَ ﴾۵۶﴿وَ ما أَرْسَلْناکَ إِلَّا مُبَشِّراً وَ نَذیراً ﴾
فرقان:۵۶

البلاغ ﴿فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ إِلَّا الْبَلاغُ الْمُبِینُ ﴾نحل:۳۵

۴۔التبیین ﴿وَ ما أَرْسَلْنا مِنْ رَسُولٍ إِلَّا بِلِسانِ قَوْمِهِ لِیُبَیِّنَ لَهُم﴾ابراہیم:۴

۵۔تلاوت آیات اللہ﴿یَتْلُوا عَلَیْهِمْ آیاتِک﴾بقرہ:۱۲۹﴿أَ لَمْ یَأْتِکُمْ رُسُلٌ مِنْکُمْ یَتْلُونَ عَلَیْکُمْ آیاتِ رَبِّکُم﴾زمر:۷۱

۶۔قیام حکومت اللہ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَا التَّوْراةَ فیها هُدىً وَ نُورٌ یَحْکُمُ بِهَا النَّبِیُّونَ ﴾مائدہ:۴۴﴿وَ لَقَدْ بَعَثْنا فی کُلِّ أُمَّةٍ رَسُولاً أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَ اجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ﴾نحل:۳۶

احکام قرآنیہ ایمان باللہ﴿رَبَّنا إِنَّنا سَمِعْنا مُنادِیاً یُنادی لِلْإِیمانِ أَنْ آمِنُوا بِرَبِّکُمْ فَآمَنَّا ﴾۱۹۳﴿یا أَیُّهَا الَّذینَ آمَنُوا آمِنُوا بِاللَّهِ وَ رَسُولِهِ وَ الْکِتابِ الَّذی نَزَّلَ عَلى رَسُولِهِ وَ الْکِتابِ الَّذی أَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ وَ مَنْ یَکْفُرْ بِاللَّهِ وَ مَلائِکَتِهِ وَ کُتُبِهِ وَ رُسُلِهِ وَ الْیَوْمِ الْآخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلالاً بَعیدا﴾نساء:۱۳۶،۲،۱۵۲،۱۶۲توبہ:۱۸،۱۹۔۸۹حدید:۷،۸،۱۹مجادلہ: ۲۲تغابن:۸،۱۱،جن:۱۳

ایمان بانبیاء والرسل﴿قُولُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَ ما أُنْزِلَ إِلَیْنا وَ ما

أُنُزِلَ إِلى إِبُراهيمَ وَ إِسُماعيلَ وَ إِسُحاقَ وَ يَعُقُوبَ وَ الُأَسُباطِ وَ ما أُوتِيَ مُوسى وَ عيسى وَ ما أُوتِيَ النَّبِيُّونَ مِنُ رَبِّهِمُ لا نُفَرِّقُ بَيُنَ أَحَدٍ مِنُهُمُ وَ نَحُنُ لَهُ مُسُلِمُونَ ﴾ بقرہ:۱۳۶ عمران:۸۱، ۸۴، ۱۷۹ نساء:۱۳۶، ۱۵۰، ۱۶۴ غافر:۷۸

صلاۃ

لہٰذا احکام قرآن میں سب سے پہلا حکم جو انسان کو دیا ہے وہ اس کی عبادت و بندگی ہے جیسا کہ اس آیت کریمہ میں آیا ہے ﴿وَ ما خَلَقُتُ الُجِنَّ وَ الُإِنُسَ إِلَّا لِيَعُبُدُون ﴾ الزاریات. ۵۶ تمام جن وانس اس کی عبادت کیلئے خلق کئے ہیں گرچہ اس سے پہلے وہ اس کی بندگی میں خود بخود تھے اس کے ارادے کے اندر تھے۔ اللہ فرماتے ہیں ﴿رَبُّ السَّماواتِ وَ الُأَرُضِ وَ ما بَيُنَهُما فَاعُبُدُهُ وَ اصُطَبِرُ لِعِبادَتِهِ هَلُ تَعُلَمُ لَهُ سَمِيًّا مریم: ۶۵ ﴾ جو کچھ اس آسمان وزمین میں پایا جاتا ہے وہ سب اس کی بندگی میں ہے بندگی سے باہر نہیں، اللہ کی بندگی کا دو مصداق ہیں۔ ایک مصداق اس کا رہنا سہنا، اٹھنا بیٹھنا، اجتماعیات، سیاسیات، ثقافیات، تعلیمات، تعلقات سب اس کے فرمان کے اندر انجام دیں اس کو عبادت عامہ کہتے ہیں اس کی افادیت انسان عاقل و دانشمند کیلئے واضح ہے دوسری عبادت جس کا فلسفہ وجہ معلوم نہیں علت وسبب معلوم نہیں۔ مولا نے فرمایا ہے

مولا کا حکم ہے روزہ رکھو ہم اللہ کے حکم پر روزہ رکھتے ہیں مولا نے کعبے کے گرد طواف کرنے ،صفا مروہ کے درمیان سعی کرنے ،عرفات کے میدان میں ویسے بیٹھیں مشعر کی تاریکی میں بیٹھیں، دیوار موسوم شیطان کو پتھر ماریں اس کا کیا مقصد ہے کیا افادیت ہے بشر نہیں جانتے۔ حج و روزہ کے بعد جو ہمہ گیر ہمیشگی دن میں چندین بار انجام دینے والی عبادت کو صلاۃ کہتے ہیں ذکر تلاوت قرآن تسبیح ،رکوع وسجود ہر ایک مجہول ہے لیکن انجام دینا ضروری اور ناگزیر ہے کیونکہ نماز واحد عبادت ہے جو مومن و کافر کے درمیان فرق کرتی ہے اکثر جہنم جانے والے بے نمازی ہونے کی وجہ سے جائیں گے تو عبادت کا مصداق اصلی اوضح صلاۃ ہے یہاں یہ بات وضاحت کرنے کی ضرورت ہے انسان کو اللہ نے انسانیت کے حوالے سے مساوی بنایا ہے، کسی کے سامنے خضوع وخشوع کی اجازت نہیں دی ہے باہر بندگی دو قسم کی ہوتی ہے ایک بندگی اللہ کی ہے بندہ نا چاہتے ہوئے بھی اللہ کا بندہ ہے

۲۔کوئی حکم بغیر کسی دلیل کے تسلیم کرنا یہ بھی ایک قسم کی عبادت و بندگی ہے ادائے نماز صوم وصلاۃ حج کے فلسفہ وحکمت معلوم نہیں اس کے باوجود اس سے آگے کوئی خضوع کا مرحلہ نہیں رہتا ہے انتہائی خاضع ہونا یہ بھی ایک قسم کی بندگی ہے جیسے لکھنؤ وایران والے کرتے ہیں غرض ایمان باللہ ایمان بآخرت کے بعد احکام جوارح اقامہ صلاۃ آتا ہے جیسا کہ بقرہ کی ابتدائی آیات میں

آیا ہے۔﴿الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَ يُقِيمُونَ الصَّلاةَ ﴾

عبادت قرآن کریم میں تین قسم کی آئی ہیں صلاۃ ،صوم ،حج احکامات قرآنیہ میں سرفہرست عبادات اجتماعات تعلقات عامہ و خاصہ و معاملات حقوقیات آتے ہیں ان میں سے عبادات اور دیگر احکام میں فرق ہے عبادت میں حکمت وفلسفہ تراشی بغیر چوں چراء مولا کا حکم انجام دیں۔

اولیت نماز کو ہے ابن فارس متوفی ۳۹۵ ھ نے مقائیس جلد۲ ص ۱۵ پر لکھا ہے صاد، لام ،حرف معتل کی دو اصل ہیں پہلی اصل آگ سے جلانے کو کہتے ہیں صلا آگ یا کسی اور گرم کن جلانے کو کہتے ہیں دوسری اصل ایک قسم کی عبادت کو کہتے ہیں کتاب معجم القرآن تألیف عبدالرؤوف مصری ص ۳۰۶ پر لکھتے ہیں صلاۃ ذھن ، دل ،خیال ارادہ جزمی کرے روح اپنے خالق و مالک ورازق محی وممیت سے وصل کرے یعنی روح اللہ سے جوڑنا زبان پے کلمات پڑھنا عمل رکوع سجود قیام کرنا یعنی صلاۃ اللہ کے حضور میں قیام وقعود کا نام ہے یہ پہلا فرض ہے ایمان باللہ کے بعد دوسرا اصل صلاۃ ہے جو دن میں پانچ بار انجام دیتے ہیں۔

یعنی ایمان باللہ ایمان بآخرت کے بعد نوبت عبادات و بندگی آتی ہے کہ لمحہ بھر ایمان خالق و مالک ورازق سے غافل نہ ہو یہاں سے عبادت میں اقامہ صلاۃ ہے۔

شریعت اسلام میں اللہ کے لئے تین نوع کی عبادت آئی ہے صلاۃ یہ اجل واہم عبادات میں سےہے روزہ ماہ رمضان۔ حج بیت اللہ الحرام نماز ادا کرنے والوں کی تعریف میں آیا ہے﴿الَّـذِيـنَ يُـؤْمِـنُـونَ بِـالْغَيْـبِ وَ يُـقِيـمُـونَ الصَّلاةَ ﴾ بقرہ:۲ میں ایمان باللہ اقرار بوحدانیت ورسالت و ایمان بآخرت کے بعد صلوٰۃ آتی ہے گویا تسلیم قلبی کے بعد تسلیم جسمانی کا آغاز صلوٰۃ سے ہوتا ہے صلوٰۃ کا کیا طریقہ کیفیت ہے کب واجب ہوئی اس بارے میں بھی ہمیں قرآن ہی سے رجوع کرنا ہے کیونکہ باطنیہ علیہ ما علیہ نے دین اسلام کی ایمانیات عبادات سب میں افراتفری مداخلت شیطانی کی ہے۔

ا۔ہم طبق آیت کریمہ﴿ يُـؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ ﴾ ایمان کے بعد اعمال عبادی میں ماقدم اللہ فی کتابہ الکریم﴿وَ أَقِيمُوا الصَّلاةَ وَ آتُوا الزَّكاةَ ﴾ بقرہ ،۴۳ وجوب صلات جو کہ تمام ادیان سماوی میں تھے جیسا کہ حضرت ابراہیم نے فرمایا ہے﴿رَبِّ اجْـعَـلْـنـى مُـقيـمَ الصَّلاةِ وَ مِنْ ذُرِّيَّتى ﴾ اللہ مجھے اقامہ صلاۃ کرنے والوں میں قرار دے﴿وَ إِذْ أَخَـذْنا ميثـاقَ بَـنـى إِسْـرائيلَ لا تَعْبُدُونَ إِلاَّ اللَّهَ وَ بِالْوالِدَيْنِ إِحْساناً وَ ذِى الْـقُـرْبـى وَ الْيَـتـامـى وَ الْـمَساكينِ وَ قُولُوا لِلنَّاسِ حُسْناً وَ أَقيمُوا الصَّلاةَ وَ آتُوا الزَّكاةَ ﴾ بقرہ:۸۳ یونس:۸۷﴿وَ أَوْحَيْنا إِلى

مُوسى وَ أَخيهِ أَنْ تَبَوَّءَا لِقَوْمِكُما بِمِصْرَ بُيُوتاً وَ اجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ قِبْلَةً وَ أَقيمُوا الصَّلاةَ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنينَ ﴾ طٰہٰ:۱۴﴿إِنَّني أَنَا اللَّهُ لا إِلهَ إِلاَّ أَنَا فَاعْبُدْني وَ أَقِمِ الصَّلاةَ لِذِكْري ﴾۔۱۳۲﴿وَ أْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلاةِ ﴾حج :۷۸﴿يا بُنَيَّ أَقِمِ الصَّلاةَ﴾لقمان:۱۷

لیکن اسلام میں اقامۃ صلاۃ کا حکم﴿وَ أَقيمُوا الصَّلاةَ ﴾بقرہ:۴۳، ﴿وَ اسْتَعينُوا بِالصَّبْرِ وَ الصَّلاةِ وَ إِنَّها لَكَبيرَةٌ إِلاَّ عَلَى الْخاشِعينَ﴾۴۵﴿ وَ أَقيمُوا الصَّلاةَ وَ آتُوا الزَّكاةَ﴾بقرہ:۸۳ ﴿ إِنَّ الصَّلاةَ كانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنينَ كِتاباً مَوْقُوتاً ﴾النساء:۱۰۳ میں آیا ہے

صاد، لام، حرف علت اس کلمے کی اصل اور معنی میں علماء لغت اختلاف شدید ومضطرب رکھتے ہیں بعض نے صلاۃ کا معنی کباب کرنے اور جلانے کو کہا ہے چنانچہ قرآن کریم میں اس معنی میں بہت تکرار سے آیا ہے﴿نـاراً وَ سَيَصْلَوْنَ سَعيراً ﴾قارئینِ کتاب متوجہ رہنا چاہئے جس طرح زمینوں کی انسانوں کی آسمان وزمین کی ایک تاریخ پیدائش ہے اور اصلیت ہوتی ہے جیسا کہ آسمان وزمین پہلے ایک گیس مانند چیز تھی جس سے آسمان وزمین بنایا ہے انسان کی اصل مٹی سے خلق ہوئی ہے اسی طرح عربی زبان بھی اس کی بھی ایک تاریخ ہے عربی زبان کی تاریخ لکھنے والوں نے لکھا ہے عربی کی دو

تاریخ ہیں کہتے ہیں ایک بائدہ ہے جو حضرت ھود لوط کے زمانے میں استعمال ہوتے تھے اب وہ ختم ہوگئی ہے دوسری عربی مستعرب ہے عربی مستعرب اس کو کہتے ہیں کہ حضرت اسماعیل نے اپنے سسرال عدنانیون سے سیکھا ہے چونکہ ان کے زبان عبرانی تھے صاحب معجم قرآن عبدالرؤف نے لکھا ہے صلاۃ بابلی زبان میں کباب کرنے کو کہتے ہیں جبکہ یہ سریانی زبان سے لیا ہے لسان العرب کے خلاصہ لسان اللسان میں لکھا ہے صلاۃ رکوع سجود دعا کو کہتا ہے عربی زبان بھی تخلیقی زبان کی قانون سے مستثنیٰ نہیں ایک بوسیدہ کہنہ ہو جاتی ہے نئی زبان وجود میں آتی ہے چنانچہ برصغیر میں سنسکرتی وہ ختم ہوگئی عربی زبان بھی بابلی سریانی عبرانی مصری فارسی وغیرہ سے مکعب زبان ہے عربی زبان تمام عرب ملکوں سے حجاز اھل مکہ کی زبان اعلی ارفع افصح زبان ہے صلاۃ جب اللہ استعمال کرتا ہے تو رحمت ہوتی ہے صلی اللہ علیہ اللہ نے اپنی رحمت کو پیغمبر پر بھیجا ہے صلاۃ اللہ علی الرسول رحمتہ ﴿إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَهُمْ﴾ صلاۃ لزوم کو بھی کہتے ہیں کسی سے جدائی نہ کرے دائماً اس کے ساتھ رہے صلاۃ بمعنی لزوم ہے اللہ سبحانہ نے اس کو بطور دائم رکھنے کا فرمایا ہے صلوات معبد یہودی کو کہا ہے جیسا کہ اس آیت قرآنی میں آیا ہے ان کی کنائس کو کہتے ہیں صلاۃ قرآن کریم میں ٦٨ بار آیا ہے یہ اس بات کی دلیل ہے یہ روزہ حج کی بنسبت دائم الوقت کسی بھی حالت میں سقوط نہ ہونے

والی عبادت ہے اللہ کی عبادت کو وقفے وقفے سے کریں نماز تنہا نبی کریم کی
لائی ہوئی عبادت نہیں بلکہ گزشتہ انبیاء بھی اقامہ نماز کرتے تھے جیسا کہ
حضرت ابراہیم کے بارے میں آیا ہے﴿رَبِّ اجْعَلْنِی مُقِیمَ الصَّلاۃِ وَ
مِنْ ذُرِّیَّتِی ﴾اللہ مجھے اقامہ صلاۃ کرنے والوں میں قرار دے﴿وَ إِذْ
أَخَذْنا میثاقَ بَنی إِسْرائیلَ لا تَعْبُدُونَ إِلاَّ اللَّهَ وَ بِالْوالِدَیْنِ
إِحْساناً وَ ذِی الْقُرْبی وَ الْیَتامی وَ الْمَساکِینِ وَ قُولُوا لِلنَّاسِ
حُسْناً وَ أَقِیمُوا الصَّلاةَ وَ آتُوا الزَّکاةَ ﴾بقرہ:۸۳ یونس:۸۷﴿وَ
أَوْحَیْنا إِلی مُوسی وَ أَخِیهِ أَنْ تَبَوَّءا لِقَوْمِکُما بِمِصْرَ بُیُوتاً وَ
اجْعَلُوا بُیُوتَکُمْ قِبْلَةً وَ أَقِیمُوا الصَّلاةَ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِینَ ﴾ طٰہٰ
:۱۴﴿إِنَّنی أَنَا اللَّهُ لا إِلهَ إِلاَّ أَنَا فَاعْبُدْنی وَ أَقِمِ الصَّلاةَ لِذِکْری﴾
۔۱۳۲﴿وَ أْمُرْ أَهْلَکَ بِالصَّلاةِ ﴾حج :۷۸﴿یا بُنَیَّ أَقِمِ الصَّلاةَ
﴾لقمان:۱۷ لہٰذا عبادات میں اولیت فضیلت میں صلاۃ کا ذکر کرتے ہیں
صلاۃ اسلام میں نبی کریم پر کب نازل ہوئی نبی کریم جس دن مبعوث بر
رسالت ہوئے اس دن سے آپ اور خدیجہ زید حارثہ آپ کی اقتداء میں نماز
پڑھتے تھے دیگر اصحاب مکہ شہر سے باہر جا کر لوگوں سے چھپا کر نماز پڑھتے
تھے چنانچہ مولا امیر المؤمنین نے نبی کریم سے سوال کیا یہ کام آپ انجام
دے رہیں ہے پہلے کہیں دیکھا نہیں تھا تو آپ نے فرمایا اللہ نے مجھے نبوت

پرمبعوث کیا ہے میں اس کے حکم سے اس کی عبادت کرتا ہوں اگر آپ چاہیں تو آپ بھی شرکت کر سکتے ہیں لیکن جو نماز ہم پڑھتے ہیں جو تاریخ میں آئی ہے معراج کے وقت اللہ نے اس عبادت کا حکم دیا تھا جیسا کہ اس آیت میں آیا ہے﴿فَأَوحی إِلی عَبْدِهِ ما أَوحی ﴾نجم:۱۰ لیکن تعداد نماز یا رکعات نماز کے بارے میں باطنیہ نے جو کہانی بنائی ہے ہم اس کے بارے میں دیکھیں گے اس کی صحت و سقم کیا ہے۔

معنی صلوٰۃ:

صاحب عمدۃ الحفاظ تألیف احمد بن یوسف جلد۲ ص ۴۰۵ پر لکھا ہے یہ کلمہ دو مادے میں آیا ہے ایک مادہ ص ،ل ،ی دوسرا مادہ صلو ۔ص۔ل۔و ہے ص۔ل۔ی یہ کلمہ آگ میں جلانے کے لئے آتا ہے جبکہ ص۔ل۔و بمعنی عبادت آتا ہے اگر یہ مطلب ثابت ہو جائے گا تو آسان ہو جائے گا اگر ان کو ایک مادے کی طرف ارجاع کرینگے تو صلی کو بمعنی دعا کے لئے جو انتہائی مشکل ہوگا۔اسی سے گوشت کو کباب کرنے کو صلوٰۃ کہتے ہیں اسی معنی میں ﴿ اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِما كُنْتُمْ تَكْفُرُون ﴾یٰسین:۶۴ ﴿الَّذی یَصْلَی النَّارَ الْكُبْری ﴾اعلیٰ:۱۲﴿تَصْلی ناراً حامِيَةً ﴾ غاشیہ:۴﴿وَ يَصْلى سَعيراً ﴾انشقاق ۱۲﴿وَ سَيَصْلَوْنَ سَعيرا ﴾ النساء:۱۰﴿ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَها ﴾مجادلہ:۸﴿سَأُصْليهِ سَقَرَ

﴾مدّثّر:٢٦﴿وَ تَصْلِيَةُ جَحِيمٍ ﴾واقعہ:٩۴﴿لا يَصْلاهَا إِلَّا الْأَشْقَى ﴾﴿الَّذى كَذَّبَ وَ تَوَلَّى ﴾الليل:١٥،١٦﴿فَسَوْفَ نُصْلِيهِ ناراً ﴾النساء:٣٠﴿هُمْ أَوْلى بِها صِلِيًّا ﴾مریم:٧٠ میں آیا ہے صلوٰۃ بمعنی ارکان مخصوص﴿فَإِذا قَضَيْتُمُ الصَّلاةَ ﴾النساء:١٠٣ صلوٰۃ بمعنی مکان عبادت﴿وَ صَلَواتٌ وَ مَساجِدُ يُذْكَرُ فيهَا اسْمُ اللَّهِ كَثيراً ﴾حج:۴٠ نماز قائم کرنے کی دعوت﴿وَ الْمُقيمينَ الصَّلاةَ ﴾ النساء:١٦٢﴿وَ أَقيمُوا الصَّلاةَ ﴾بقرہ:۴٣﴿وَ أَقامُوا الصَّلاةَ ﴾ ٢٧٧

تارکین صلوٰۃ کی مذمت میں﴿فَوَيْلٌ لِلْمُصَلِّينَ ﴾﴿الَّذينَ هُمْ عَنْ صَلاتِهِمْ ساهُونَ ﴾ماعون:۴،۵﴿وَ لا يَأْتُونَ الصَّلاةَ إِلَّا وَ هُمْ كُسالى﴾توبہ:۵۴﴿قالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ ﴾مدثر:۴٣﴿فَلا صَدَّقَ وَ لا صَلَّى ﴾قیامت:٣١﴿وَ ما كانَ صَلاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكاءً ﴾انفال:٣۵

اللہ سبحانہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے بندوں پر جو فرائض عائد کیے ہیں ان کو فرائض عبادی کہتے ہیں جیسے نماز روزہ حج تینوں کے بارے میں آیات کثیرہ ہیں جو آگے تفصیل سے بیان کریں گے نماز بعد از کلمہ شہادتین اولین فرائض عبادی ہے انسان مسلمان اور کافر و مشرک کے درمیان یہی حد فاصل

ہے قیامت کے دن جھنم جانے والوں کی سرفہرست میں تارکین صلاۃ اداء صلاۃ میں تہاون سستی کاھلی ریا کاری والوں کے لئے وعید جھنم دیا ہے یہ صلاۃ چوبیس گھنٹوں میں ۱۷رکعت ہیں جو کہ کسی قسم کی مشکل زحمت نابرداشتی کا تصور بھی نہیں آتا ہے چنانچہ اس سے پہلے چندین آیات میں اللہ نے تکرار سے فرمایا ہے﴿لا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفساً إِلَّا وُسعَها﴾ اللہ اپنے بندوں پر فرائض ان کی گنجائش سے اوپر تکلیف نہیں دیتا ہے اس دین میں کسی قسم کے حرج تنگی نامی کوئی چیز نہیں ہے بعض آیات میں آیا ہے ہماری تکالیف یسر ہے یعنی کوئی مشکل نہیں ہے اللہ کی تکالیف آسان ہونے کی دلیل یہ آیت کریمہ ہے اگر تم بیمار یا سفر میں ہو تو روزہ قصر کریں اور ایک مد طعام دیں اور بعد میں قضا کریں اگر زحمت کے ساتھ روزہ رکھ لیا تو تمھارے لئے بہت خیر اور نیکی ہوگی فائدے ہونگے جس فرض کو اللہ نے سھل و آسان بتایا ہے باطنیہ نے بے تحاشہ دوگنا تین گنا نفلیات بلا اسناد و دلیل اضافہ کیا ہے یہ حسن نیت پر نہیں بدنیتی پر مبنی ہے حد سے زیادہ کثیر رکعات نفل بتائے ہیں۔ واجب سترہ رکعات ہیں جبکہ نفل ۳۴ رکعت ہیں اس کے علاوہ اور ناموں سے بہت لمبی فہرست دی ہے جیسا کہ موسوعۃ فقھیہ کویتیہ جلد ۲۷ اور معجم فقہ جواہری جلد ۴ میں نوافل کی لاتعداد کا ذکر کیا ہے ان کی اسناد کسی آیت قرآنی سے نہیں دی ہے جب آیت قرآن سے ثابت نہیں ہے بندہ اپنی طرف سے اضافہ نہیں کرسکتے

ہیں چونکہ امر ونہی صرف مولا ہی کر سکتے ہیں بندہ مأمور ہے وہ پیغام اللہ کو پونچائیں کتاب جواہر میں ان نوافل کے مدارک کتاب ذکری سے اسناد کیا ہے یہ علماء باطنیہ سے وابستہ تھے درباری ھلاکو مشرک تھے نوافل کے علاوہ بھی انھوں نے نماز واجب بنام آیات کسوف خسوف زلزلہ نماز عیدین فخر و مباھات مافوق طبیعت خوشی منانے کی عقل وشرع میں کوئی منطق نہیں ہے معلوم ہوتا ہے کہ یہ علماء باطنیہ سے تعلق رکھتے ہیں نافلہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے یہ لوگ بدنیت تھے یہ بدنیتی کی بنیاد پر یہ نمازیں اختراع کیں ہیں یہ علماء جنھوں نے فتاوٰی دیئے ہیں مسلمان بادشاہ ظالم سے عادل بادشاہ کافر بہتر ہے حالانکہ کفر وشرک سے بڑھ کر کوئی ظلم نہیں تمام ظلم کا ریشہ کفر سے ملتا ہے اندازہ کریں باطنیہ نے تنگ کرنے کا کوئی وسیلہ وذریعہ نہیں چھوڑا ہے یہ جو کتب میں بے تحاشہ نمازوں کا زیارتوں کا دعاؤں کے لکھنے والے سب علماء باطنیہ ہیں آیت اللہ علی مشکینی نے صراحت سے کہا ہے مستحبات نوافل کی اسناد میں تسامح ہے یعنی زیادہ اشکال اعتراض نہیں ہے ولو روایات ضعیف ہو اور بعد میں ثابت ہوجائے کہ وہ روایت ہی نہیں ہے تو ثواب ملے گا یہ آیت اللہ کی دلیل میں تسامح ہے یعنی دلیل میں تحقیق کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے یہ کہنا درست قرار پائینگے آپ کی تسامحات پر عمل عمل تسامح نہیں کریں گے تو گناہ نہیں بلکہ بدعت چھوڑی ہے۔

وجوب صلاۃ

صلاۃ کا حکم ﴿وَ يُقيمُونَ الصَّلاةَ ﴾بقرہ:۳، ﴿وَ أَقيمُوا الصَّلاةَ ﴾ ۴۳، ﴿وَ اسْتَعينُوا بِالصَّبْرِ وَ الصَّلاةِ ﴾۴۵، ﴿ ﴾۴۶، ﴿وَ أَقيمُوا الصَّلاةَ ﴾۱۱۰، ﴿ اسْتَعينُوا بِالصَّبْرِ وَ الصَّلاةِ ﴾۱۵۳، ﴿وَ أَقامَ الصَّلاةَ ﴾۱۷۷، ﴿حافِظُوا عَلَى الصَّلَواتِ وَ الصَّلاةِ الْوُسْطى وَ قُومُوا لِلَّهِ قانِتينَ ﴾۲۳۸، ﴿فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجالاً أَوْ رُكْباناً فَإِذا أَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَما عَلَّمَكُمْ ما لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُون ﴾ ۲۳۹، ﴿وَ أَقامُوا الصَّلاةَ ﴾۲۷۷، ﴿وَ إِذا كُنْتَ فيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلاةَ فَلْتَقُمْ طائِفَةٌ مِنْهُمْ مَعَكَ وَ لْيَأْخُذُوا أَسْلِحَتَهُمْ فَإِذا سَجَدُوا فَلْيَكُونُوا مِنْ وَرائِكُمْ وَ لْتَأْتِ طائِفَةٌ أُخْرى لَمْ يُصَلُّوا فَلْيُصَلُّوا مَعَكَ ﴾نساء:۱۰۲، ﴿فَإِذا قَضَيْتُمُ الصَّلاةَ فَاذْكُرُوا اللَّهَ قِياماً وَ قُعُوداً وَ عَلى جُنُوبِكُمْ فَإِذَا اطْمَأْنَنْتُمْ فَأَقيمُوا الصَّلاةَ إِنَّ الصَّلاةَ كانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنينَ كِتاباً مَوْقُوتاً ﴾۱۰۳﴿ الَّذينَ يُقيمُونَ الصَّلاةَ ﴾مائدہ:۵۵﴿وَ أَنْ أَقيمُوا الصَّلاةَ ﴾انعام:۷۲ ، ﴿ وَ هُمْ عَلى صَلاتِهِمْ يُحافِظُونَ ﴾۹۲﴿وَ أَقامُوا الصَّلاةَ ﴾ اعراف:۱۷۰﴿الَّذينَ يُقيمُونَ الصَّلاةَ ﴾انفال:۳، ﴿ ﴾۴﴿ وَ يُقيمُونَ الصَّلاةَ ﴾توبہ:۷۱﴿وَ أَقِمِ الصَّلاةَ طَرَفَيِ النَّهارِ وَ زُلَفاً مِنَ

اللَّيْلِ ﴾ہود:۱۱۴﴿ وَ أَقَامُوا الصَّلاةَ ﴾رعد:۱۲۲﴿ الَّذِينَ آمَنُوا
يُقِيمُوا الصَّلاةَ ﴾براہیم:۳۱،﴿ لِيُقِيمُوا الصَّلاةَ ﴾۳۷،﴿رَبِّ
اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلاةِ ﴾۴۰﴿أَقِمِ الصَّلاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلَى
غَسَقِ اللَّيْلِ ﴾اسراء:۷۸﴿فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ أَضَاعُوا
الصَّلاةَ ﴾مریم:۵۹﴿وَ أَقِمِ الصَّلاةَ لِذِكْرِي ﴾طہ:۱۴،﴿وَ أْمُرْ
أَهْلَكَ بِالصَّلاةِ﴾۱۳۲،﴿وَ إِقَامَ الصَّلاةِ ﴾انبیاء:۷۳﴿وَ
الْمُقِيمِي الصَّلاةِ ﴾حج:۳۵،﴿ أَقَامُوا الصَّلاةَ ﴾۴۱،﴿ ارْكَعُوا وَ
اسْجُدُوا وَ اعْبُدُوا رَبَّكُمْ ﴾۷۷،﴿فَأَقِيمُوا الصَّلاةَ ﴾۷۸
،﴿الَّذِينَ هُمْ فِي صَلاتِهِمْ خَاشِعُونَ ﴾مؤمنون:۲﴿وَ إِقَامِ الصَّلاةِ
﴾نور:۳۷،﴿وَ أَقِيمُوا الصَّلاةَ ﴾۵۶﴿وَ الَّذِينَ يَبِيتُونَ لِرَبِّهِمْ
سُجَّداً وَ قِيَاماً ﴾فرقان:۶۴﴿الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلاةَ ﴾نمل:۳
﴿قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلاً ٥ نِصْفَهُ أَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيلاً ﴾مزمل:۲،۳
﴿قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ ﴾مدثر:۴۳﴿وَ لا صَلَّى ﴾قیامت:
۳۱﴿وَ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّى ﴾اعلیٰ:۱۵﴿عَبْداً إِذا صَلَّى ﴾علق:۱۰
﴿ وَ يُقِيمُوا الصَّلاةَ ﴾بینہ:۵﴿فَوَيْلٌ لِلْمُصَلِّينَ ﴾ماعون۴،
﴿الَّذِينَ هُمْ عَنْ صَلاتِهِمْ سَاهُونَ ﴾۵﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ ﴾کوثر۲﴿
إِذا نُودِيَ لِلصَّلاةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ وَ ذَرُوا

الْبَیْعَ ﴾صلاۃ جمعہ۔

نماز اوقات مخصوص میں

۱۔کیفیت صلوۃ کیا ہے کیونکہ جاہلیت میں صلاۃ غیر مانوس غیر مالوف تھی کلمہ صلٰوۃ حضرت ابراھیمؑ کی اس دعا میں آیا ہے جب آپ نے اپنے بیٹے اسماعیل اور انکی ماں کو اللہ کے گھر کے جوار میں چھوڑ کے جاتے وقت دعا کی ﴿رَبَّنا إِنِّی أَسْکَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتی بِوادٍ غَیْرِ ذی زَرْعٍ عِنْدَ بَیْتِکَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنا لِیُقیمُوا الصَّلاۃَ فَاجْعَلْ أَفْئِدَۃً مِنَ النّاسِ تَھْوی إِلَیْھِمْ وَ ارْزُقْھُمْ مِنَ الثَّمَراتِ ﴾

حضرت ابراہیم عراق کے شہر بابل میں رہتے تھے بابلیوں کی زبان عبرانی تھی صلٰوۃ وصلوات یہ دوکلمہ عبرانی میں مکان صلٰوۃ کو کہا ہے حضرت اسماعیل مکے میں نشو ونما پائے انھوں نے عرب جنوب سے زوجہ انتخاب کی اسماعیل نے عربی زبان کو اپنے سسرال سے سیکھا ہے لہٰذا حضرت اسماعیل کو عرب مستعرب کہتے ہیں موجودہ رائج عربی کو عربی مستعرب کہتے ہیں حضرت ابراہیم نے استعمال کیا بقرہ:۱۲۵﴿ وَ اتَّخِذُوا مِنْ مَقامِ إِبْراھیمَ مُصَلًّی وَ عَھِدْنا إِلی إِبْراھیمَ وَ إِسْماعیلَ أَنْ طَھِّرا بَیْتِیَ لِلطَّائِفینَ وَ الْعاکِفینَ وَ الرُّکَّعِ السُّجُودِ ﴾اس آیت میں جو عبادت حضرت ابراہیم انجام دیتے تھے اس میں رکوع وسجود تھے یہ اس سے پتہ چلتا

ہے کہ نماز ایک عبادت جدید نہیں ہے کہ جو پیغمبر خاتم النبیین لائے ہیں بلکہ یہ نماز حضرت ابراہیم سے یا قبل از ابراہیم تھی جیسا کہ علق: ۹،۱۰ ﴿أَ رَأَيْتَ الَّذِي يَنْهَى ۞ عَبْداً إِذا صَلَّى ﴾ سے ثابت ہے یعنی ابتدائی دعوت میں پیغمبر نماز پڑھتے تھے جو عبادت پیغمبر کرتے تھے اس عبادت کو صلوٰۃ کہتے تھے اس عبادت کو صلاۃ کہنا تسمیۃ الجز باسم کل ہے صلوۃ کے تمام ارکان اجزاء قرائت قرآن میں آئے ہیں پھر بھی فقہ والے قرآن سے یکسرہ منہ موڑے ہیں

اوقات صلاۃ

صلاۃ اوقات مخصوص میں ہے ﴿إِنَّ الصَّلاةَ كانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتاباً مَوْقُوتاً ﴾ نساء ۱۰۳ نماز کے جو اوقات ہیں اسے بندے نے انتخاب نہیں کرنا ہے یہ فارغ اوقات میں انجام دینے والی عبادت نہیں بلکہ عبادت مخصوص اوقات میں انجام دینی ہے ﴿حافِظُوا عَلَى الصَّلَواتِ وَ الصَّلاةِ الْوُسْطى ﴾ مقرر اوقات میں پڑھے لیکن صلوۃ وسطی کا زیادہ خیال رکھیں یہاں صلاۃ وسطی کونسی صلوۃ اس کی فضیلت کی کیا وجہ ہے مفسرین نے مختلف اوقات بتائے ہیں ادھورا چھوڑا ہے صلوۃ وسطیٰ ظہر ہے انسان مسلمان غرق حصول دنیا میں دنیا سے صرف نظر کر کے اللہ کو لبیک کہنا صلوٰۃ کی اہمیت اس آیت سے واضح ہو جاتی ہے صلوٰۃ یعنی ذکر اللہ،

یادِ خدا ہر حالت میں یاد خدا میں بیٹھے ہوئے سوئے ہو یہاں تک اگر دشمن سے دوبدو مقابلے میں ہو اور میدان جنگ ضرب طعن کی گرما گرمی میں ہو تب بھی جسم کو دشمن کے ساتھ رکھے دل اللہ کے ساتھ رکھے شعور انسانی میں ذکر اللہ غائب نہ ہو۔

نماز اوقات مخصوص میں بجالائیں ﴿فَإِذا قَضَيْتُمُ الصَّلاةَ فَاذْكُرُوا اللَّهَ قِياماً وَ قُعُوداً وَ عَلى جُنُوبِكُمْ فَإِذَا اطْمَأْنَنْتُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلاةَ إِنَّ الصَّلاةَ كانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتاباً مَوْقُوتا﴾ نساء :۱۰۳

۲۔ اسراء: ۷۸ میں آیا ہے ﴿أَقِمِ الصَّلاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلى غَسَقِ اللَّيْلِ﴾ نماز زوال شمس سے غروب آفتاب تک ہوتا ہے۔

۳۔ ھود: ۱۱۴ میں آیا ہے ﴿وَ أَقِمِ الصَّلاةَ طَرَفَيِ النَّهارِ وَ زُلَفاً مِنَ اللَّيْلِ﴾ دن رات کی اطراف میں نماز پڑھے دن کی اطراف صبح سے ہوتی ہے انتہاء غروب آفتاب پر ہوتی ہے اول آخر کا ذکر کیا ہے لیکن وقت فضیلت کا عصر اور عشاء کا ذکر نہیں کیا ہے اس کا مطلب اوقات نماز ان مذکورہ اوقات میں ہے اوقات موسعہ ہے مضیقہ نہیں اللہ نے اس محدود میں کسی بھی وقت نماز کو ادا کرنے کا حکم دیا ہے لیکن ترجیح دی ہے کہ پہلے وقت میں نماز پڑھے یہاں چند مفروضے بنتے ہیں۔

۱۔ یہ کہ نماز کو الگ الگ پڑھے ظہر الگ عصر الگ عشاء الگ

۲۔ نماز کو دونوں ملا کے بیک وقت پڑھے اس میں دو مفروضے ہوتے ہیں

الف۔ نماز اول وقت میں پڑھے ظہر ابتداء زوال میں عصر اپنے وقت میں الگ پڑھے۔

ب۔ ظہر کو تأخیر کر کے عصر کے ساتھ پڑھے نماز مغرب قرآن میں اس کا ذکر نہیں ملا لیکن پوری امت پڑھتی ہے اس لئے بطور احتیاط پڑھتا ہوں اللہ خود فیصلہ کریں گے کہ حرکت باطنیہ تھی یا عمل رسول اللہ تھا واللہ اعلم مغرب کو تأخیر کر کے عشاء کے ساتھ پڑھے ان تینوں صورتوں میں پیغمبر نے الگ الگ بھی پڑھی ہیں جمع کے ساتھ بھی پڑھی ہیں لیکن پہلے وقت میں نماز پڑھنا فضیلت رکھتا ہے اس میں شک نہیں۔

طریقہ ادائیگی کیسی ہے اس بارے میں پوری امت نے حضر وسفر میں آپ کی اقتداء میں ادا کر کے حفظ کی ہے اس میں اختلاف نہیں اس کے چند راوی نہیں اس کے راوی امت ہے عدد رکعات جس کے بارے میں کچھ خزعبلات باطنیہ ہے جس کو قصر نماز میں بیان کریں گے اوقات نماز کے بارے میں ملاحظہ کریں۔

مسلمان پیغمبر کی بعثت کے بعد نمازیں بیت المقدس کی طرف رخ

کر کے پڑھتے تھے مدینہ پہنچنے کے بعد بیت المقدس سے رخ موڑ کر کعبے کی طرف رخ کر کے پڑھنے کا حکم آیا ہے ﴿قَدْ نَرى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّماءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضاها فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرامِ وَ حَيْثُ ما كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ وَ إِنَّ الَّذينَ أُوتُوا الْكِتابَ لَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ وَ مَا اللَّهُ بِغافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ﴾ بقرہ:۱۴۴ میں ہے

صلاۃ قصر

یکے از احکامات قرآنی نماز، روزہ حالت خوف میں قصر پڑھے

﴿وَ إِذا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُناحٌ أَنْ تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلاةِ إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذينَ كَفَرُوا﴾ اور جب تم زمین میں سفر کرو تو تمہارے لئے کوئی حرج نہیں ہے کہ اپنی نمازیں قصر کر دو اگر تمہیں کفار کے حملہ کر دینے کا خوف ہے سورہ مبارکہ نساء:۱۰۱ میں نماز قصر کرنے کا حکم دیا ہے رسول اللہ جب عمرہ کے لئے نکلے حدیبیہ پونچنے تک نماز ظہر پوری پڑھی مشرکین کے خطرے میں تھے یہ بہتر موقع تھا کہ وہ ان پر حملہ کرتے، انہوں نے کہا کہ رسول کے نماز کے وقت حملہ کریں تو نبی کریم نے قصر کا حکم دیا وہاں سے پہلے تک نماز تمام پڑھی جب احساس خطر ہوا تو قصر پڑھی جب فتح مکہ کیلئے روانہ ہوئے جو ۵۰۰ کلومیٹر سے زائد مسافت میں نماز

اور روزہ دونوں رکھ کر آئے ، یہاں تک کہ ایک منزل بہ مکہ سے دور جس جگہ کا نام غطفان ہے وہاں آ کر حکم دیا کہ کل کوئی روزہ نہ رکھے اور نماز بھی قصر کریں یہاں بعض نے روزہ رکھا جس پر رسول اللہ ان سے ناراض ہوئے کہ کیوں حکم عدولی کی ہے کیونکہ مکہ پہنچنے کے بعد تصادم کا خطرہ تھا نماز و روزہ قصر مسافت زمینی پر کہیں نہیں آیا ہے مسافت زمینی کوئی معیار نہیں بنتا ہے قتل و گشتار ہو جائے تو روزہ دار انسان برداشت نہیں کر سکتے تھے لہٰذا قرآن کریم میں قصر کا جو حکم ہے وہ حالت خوف سے مربوط ہے مسافت سے نہیں ہے

﴿وَ إِذا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُناحٌ أَنْ تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلاةِ إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذينَ كَفَرُوا إِنَّ الْكافِرينَ كانُوا لَكُمْ عَدُوًّا مُبينا نساء: ١٠١﴾

صلوٰۃ قصر اعراض از قرآن و مشہود قرآن کریم نبی عظیم

فقہاء نے قصر نماز کو طے مسافت سے جوڑا ہے کتاب الموسوعہ الفقھیّۃ کویتیہ جلد ۲۷ ص ۲۷۰ پر لکھا ہے اقل مسافت میں اختلاف ہے مالکیہ ،شافعی، حنبلی ،لیثی اور اوضاعی نے کہا ہے دو دن کا سفر ہے مسافت دن سے ناپی ہے یعنی رات کو سوئے یا رات کو سفر کرے دن کو سوئے یا مسلسل ۴۸ گھنٹے سفر کرے انھوں نے مسافت کو میل سے جوڑا ہے اڑتالیس میل چار بریدیہ وہ کہاں سے لائے ہیں فقہ جعفری نے ۲۴ کلو میٹر مسافت بتائی ہے اور

حنفیوں نے تین دن رات مسلسل سفر بتایا ہے لیکن انھوں نے یہ بتایا ہے سفر نصف سقر ہے سفر کی شدت پریشانی اہل وعیال سے دور رنجیدہ ایک لمبی کہانی بنائی ہے کہ اللہ اپنے بندے کو مشقت میں دیکھنا نہیں چاہتا ہے سفر کی مشقت کا جواز قصر کی سند گردانی ہے اس سلسلہ میں انہوں نے یہ کہانی گھڑی ہے وجوب نماز کی تاریخ میں آیا ہے جب پہلے نماز واجب ہوئی تھی تو اس وقت نماز اللہ نے دو رکعت واجب کی تھی وہ ساقط نہیں ہوگی جو دو رکعت نبی نے اضافہ کی ہے وہ ساقط ہوگی اس کے لئے ایک تاریخی قصہ بنایا ہے کتاب صحیح بخاری جلد اص ۹۷ کتاب الصلوٰۃ میں اس سلسلے میں چند روایتیں نقل کی ہیں

۱۔ پہلا یہ کہ پیغمبر اکرم کو جب معراج پر لے گئے تو پہلے آسمان پر آدم سے ملے پھر آگے نوح سے ملے پھر آگے ابراہیم سے پھر آگے دیگر انبیاء سے ملے پھر آگے آپ پر نماز واجب ہوئی واپس آئے تو موسیٰ سے ملے تو موسیٰ نے پوچھا کیا لائے ہو تو پیغمبر نے جواب دیا پچاس نمازیں واجب کیں ہیں تو موسیٰ نے فرمایا واپس جائیں آپ کی امت یہ برداشت نہیں کرے گی پھر پیغمبر واپس گئے آدھی چھوڑیں پھر موسیٰ نے کہا کہ آپ واپس جائیں یہ بھی برداشت نہیں ہوگا پیغمبر واپس گئے پھر آدھی چھوڑیں قارئین کرام احادیث مراکز اسلامی سے دور خفیہ گاہوں میں جمع باطنیہ غاشمہ ظالمۃ کی جنایتوں کا اندازہ کر سکتے ہیں ایک قصہ بنا کر موسی اولالعزم نبی اللہ حضرت محمد شریعت

سب کو الف لیلہ بنایا

۲۔ چنانچہ دوسری حدیث میں عائشہ سے نقل ہے جب اللہ نے نماز فرض کی تو چار رکعتیں تھیں یہ جو دو رکعت تھی سفر میں باقی رکھی باقی دو کو ساقط کیا ہے۔

۳۔ اگر آپ ملاحظہ کریں گے تو پہلے لکھتے ہیں کہ یہ حکم قرآن میں ثابت ہے پھر لکھتے ہیں پیغمبر کی سنت سے ثابت ہے پھر لکھتے ہیں اجماع امت سے ثابت ہے گویا کوئی بھی حکم خالص اللہ کا نہیں ہے شریعت اسلام تنہا قرآن سے ثابت نہیں بلکہ اللہ اور رسول کی اشتراک سے بنی ہے یہاں چند سوالات ہیں تمام انبیاء گزشتہ، عالم برزخ میں ہیں وہ برزخ سے نہیں نکل سکتے موسی اولوالعزم حضرت محمد سے زیادہ رحمت والے نہیں ہو سکتے ہیں۔

بلکہ دونوں اولی العزم مل کر بھی اللہ سے زیادہ مہربان نہیں ہو سکتے ہیں۔

۴۔ نبی کریم کو شریعت میں کسی بھی چیز کا اضافہ کرنا تبدیل کرنے کا حق نہیں ہے بلکہ اللہ سبحانہ تعالیٰ سے بے ادبی ہے گویا یہاں امت محمد اس چیز کو برداشت کرے گی یا نہیں دس ہزار سال سے عالم برزخ میں قیام پذیر کو پتہ ہے کہ امت محمد برداشت نہیں کریگی خالق محمد کو پتہ نہیں موسیٰ کو پتہ چلا کہ امت محمد برداشت نہیں کریگی محمد جو تازہ تازہ نبوت پر مبعوث ہوئے دس سال دو بدو مخالفت مزاحمت میں گزر رہے تھے ان کو پتہ نہیں تھا گویا تمام

انبیاء پر شاہد بن کے آنے والے محمد کو پتہ نہیں ہوا موسیٰ کے کہنے پر حضرت محمد دوبارہ درخواست لے گئے پتہ نہیں اللہ کے پاس آپ نے کن الفاظ میں مناجات کی ھوں گی اس کو دین سے مذاق کہیں گے۔

غیر خوف میں قصر نہیں ہوگی اگر کوئی کہے پیغمبر نے غیر خوف والے مواقع میں قصر فرمائی تھی تو ان سے سوال ہوگا پیغمبر نے سفر میں قصر کی ہے وہ کونسا سفر تھا اس وقت کوئی سفر مشقت وزحمت والے کہیں بھی نہیں بلکہ سفر وسیلہ عیش ونوش بن رہے ہیں اب بھی فقہاء نے دین سے کھیلنا چھوڑا نہیں۔

ا۔شریعت اسلام کے اصول ایمان و مبانی احکام میں وارد آیات محکمات سے اعراض کر کے مصنوعات مجعولات خفیہ گاہوں کی حشویات سے بننے والے احکامات میں سے ایک قصر صلاۃ وصوم ہے کتاب وسائل شیعہ ج ۸ میں ۲۴۶ روایات جمع کیں ہیں۔

علماء باطنیہ نے قضا شدہ نمازیں اور عبادات اجارے پر دینے کی اجازت دی ہے عبادات میں قصد قربت شرط ہے لہٰذا غیر سے قصد قربت امکان پذیر نہیں ہے عمداً چھوڑی ہوئی عبادات کے قضا کرنے کی کیا سند ہے؟

طہارت

احکام قرآنیہ میں پہلے عنوان عبادات آتے ہیں عبادات میں پہلے نماز

آتی ہیں نماز سے پہلے طہارت آتی ہے کہ نماز با طہارت پڑھے قرآن کریم میں طہارت جو کہ نماز کے لئے شرط ہے جیسا کہ آیت کریمہ میں آیا ہے۔

﴿يا أَيُّهَا الَّذينَ آمَنُوا إِذا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلاةِ فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ وَ أَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرافِقِ وَ امْسَحُوا بِرُؤُسِكُمْ وَ أَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ وَ إِنْ كُنْتُمْ جُنُباً فَاطَّهَّرُوا وَ إِنْ كُنْتُمْ مَرْضى أَوْ عَلى سَفَرٍ أَوْ جاءَ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنَ الْغائِطِ أَوْ لامَسْتُمُ النِّساءَ فَلَمْ تَجِدُوا ماءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيداً طَيِّباً فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَ أَيْديكُمْ مِنْهُ ما يُريدُ اللَّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ حَرَجٍ وَ لكِنْ يُريدُ لِيُطَهِّرَكُمْ﴾ مائدہ:۶ میں ہے

طہارت کیلئے چار لفظ استعمال کئے ہیں ۱۔کلمہ طہارت ۲۔غسل
۳۔مسح ۴۔تیمّم۔

یہاں مؤمنین کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں مؤمنین کو چاہئے علماء فقہاء نے مصطلح قرآنی کو چھوڑ کر از خود کوئی مصطلح گھڑی ہے اس کی کیا منطق ہے عالم ضمائر و فضایا جانتے ہیں مصطلح اختلاق کرنا قرآن کریم سے اعراض نہیں تو کیا ہے گویا ایسا محسوس ہوتا ہے فلسفہ تخلیق فقہ ضد قرآن ہے فقہاء نے پوری کوشش کی ہے فقہ میں مصطلح قرآن استعمال میں نہ لائیں کہ مصطلحات قرآنی کم سے کم استعمال کریں یہاں بھی قرآن سے دور کلمہ طہارت، غسل

چھوڑ کر کلمہ وضوء استعمال کیا ہے اکثر و بیشتر عوام سے گزر کر ہم جیسے علوم حوزہ میں فیل کو پتہ نہیں تھا اب جب کتاب لکھنا شروع کی تو معجم دیکھنی پڑھی صاحب مقائییس جلد۲ ص ۱۳۵ پر لکھتے ہیں واو، ضاد، حرف معتل بمعنی روشنی چمک دار کو کہتے ہیں میں عرصے سے سوچ رہا تھا کلمہ وضوء یہاں کس منطق کے تحت لائے ہیں قرآن کریم حکم طہارت کے بارے میں وارد آیت میں مضمضہ استنشاق نہیں فقہاء نے مضمضہ استنشاق کہاں سے کیوں کس لئے لائے ہیں یہ بات اس کا کیا نقصان ہوا ہاں نقصان یہ ہوا کہ بندہ نے الوھیت میں دخالت دی ہے دوسرا سر اور پاؤں دونوں کو مسح کرنے کا حکم ہے سر اور پاؤں دونوں کو مسح کریں پورا نہیں کرتے کیوں حج وعمرہ میں احرام سے محل کیلئے تقصیر یا حلق آیا ہے وہاں داڑھی سے کچھ بال کاٹنے کا کہتے ہیں ۔جبکہ اھل سنت پاؤں کو دھوتے ہیں یہ کس منطق کے تحت دھوتے ہیں؟ شیعہ سر کے بارے میں کتاب معجم فقہ جواہری جلد ۶ ص ۳۳۱ پر لکھتے ہیں **والواجب منه مایسمی مسحا** ۔جیسا کہ جمل وعقود سرائر ونافع برتحریر قواعد و منتھی احکام قرآن کشف اللسان مدارک مشہور بین علماء یہ ہیں اکتفاء بہ مایسمی باالمسح کافی ہے۔

شیخ طوسی از ثلاثہ اصابع کم نہیں ہونا چاہیئے بعض نے کہا ہے لمکان الباء یہ بات درست نہیں ہے کیونکہ باء کے جو معانی معروف ہیں ۔اس میں باء

بمعنی بعض نہیں آیا ہے۔ اگر آیا ہے تو شاذ و نادر ہوگا لا تحمل القرآن علی الشوائذ۔

قرآن میں مسح آیا ہے غسل قدمین کہاں سے نکلا ہے؟

احکام قرآنیہ میں سے ایک طہارت ہے فقہاء نے طہارت کی تین اقسام بتائی ہیں وضو، غسل اور تیمّم۔ وضو کس نے اختراع کیا ہے معلوم نہیں قرآن میں آیا ہے﴿ إِذا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلاةِ فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ ﴾ غسل چہرہ معلوم ہے اس کی حد نہیں بتائی چونکہ ہاتھ لمبے ہیں اس لئے حد بتائی ہے قرآن نے وضاحت کی ہے ''إِلَى الْمَرافِق '' تک دھوئیں۔ '' وَامْسَحُوا بِرُؤُسِكُمْ '' سر اور پاؤں کا مسح کریں۔ پاؤں مسح کی جگہ تھی حد بیان کی ہے پاؤں اور سر کا مسح دو انگلیوں کی مقدار میں مسح کرتے ہیں یہ کہاں سے نکالا ہے؟

دوسرا جنابت اور حیض و نفاس کے لئے غسل آیا ہے نماز کیلئے منہ اور ہاتھ دھونے ہیں جنابت حیض اور نفاس کیلئے فَاطَّهَّرُوا آیا ہے تمام بدن کا دھونا کہاں سے نکالا ہے؟

غسل مقائیس اللغۃ ج ۲ ص ۳۱۷ غ،س،ل اصل صحیح یدل علی تطہیر الشیء و تنقیۃ محل نجاست دھونے کا کہا ہے یقال غسلت الشیء غسلا والغسل اسم والغسول مایغسل بہ۔

طہر مقاییس ج ۲ ص ۸۱ ط، ہ، راصل واحد یدل علی نقاءشی ءوزوال دنس ومن ذالک الطہر خلاف دنس تطہیر تنزہ عن دم

جب حیض ختم ہوتا ہے تو قرآن کریم میں ’’ فَاطَّهَّرُوا ‘‘ آیا ہے طہارت کریں یا مثلا جماع ہے ’’لامَسْتُمُ النِّساءَ ‘‘ ’تَغْتَسِلُوا ‘ کہا ہے، غسل نجس جگہ کو دھونے کو کہا ہے تو پورے بدن دھونے کا حکم کہاں سے لائے۔

تیمّم ہے تیمّم وہاں ہے جہاں پانی میسر نہ ہو یا پانی ضرر رساں ہو تو تیمّم کریں جنابت حیض میں بھی تیمّم ایک ہے مختلف نہیں ہے۔

قرآن میں احکام صوم

موسوعہ فقیہ کویت ج ۲۸ میں آیا ہے قرآن کریم میں ماہ مبارک رمضان کے علاوہ چند روزوں کا ذکر آیا ہے صوم قضاء رمضان، صوم کفارہ افطار، عمدی رمضان صوم، کفارہ قتل خطاء، صوم الظہار عورت، صوم نکث قسم، صوم بدل قربانی حج، صوم کفارہ شکار آئے ہیں احکام قرآنیہ کے عناوین میں سے ایک صوم ہے صوم لغت میں کسی چیز سے روکنے کو کہتے ہیں۔

مقائیس ابن فارس ج ۲ ص ۲۷، و، م، اصل واحد یدل علی امساک مصطلح قرآن میں شہویات بطنی شہویات جنسی سے روکنے کو کہتے ہیں صوم رمضان یکے از دعائم خمسہ اسلام میں سے ہے وجوب روزہ دوسری ہجری کو ہوا ہے جیسا کہ بقرہ:۱۸۳ میں آیا ہے ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ

عَلَيْكُمُ الصِّيامُ كَما كُتِبَ عَلَى الَّذينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُون ﴿ أَيَّاماً مَعْدُوداتٍ فَمَنْ كانَ مِنْكُمْ مَريضاً أَوْ عَلى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ وَ عَلَى الَّذينَ يُطيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعامُ مِسْكينٍ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْراً فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ وَ أَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُون ﴾۱۸۴﴿شَهْرُ رَمَضانَ الَّذي أُنْزِلَ فيهِ الْقُرْآنُ هُدىً لِلنَّاسِ وَ بَيِّناتٍ مِنَ الْهُدى وَ الْفُرْقانِ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ وَ مَنْ كانَ مَريضاً أَوْ عَلى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ يُريدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَ لا يُريدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَ لِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَ لِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلى ما هَداكُمْ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴾۱۸۵،﴿أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيامِ الرَّفَثُ إِلى نِسائِكُمْ هُنَّ لِباسٌ لَكُمْ وَ أَنْتُمْ لِباسٌ لَهُنَّ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتانُونَ أَنْفُسَكُمْ فَتابَ عَلَيْكُمْ وَ عَفا عَنْكُمْ فَالْآنَ باشِرُوهُنَّ وَ ابْتَغُوا ما كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ وَ كُلُوا وَ اشْرَبُوا حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيامَ إِلَى اللَّيْلِ وَ لا تُباشِرُوهُنَّ وَ أَنْتُمْ عاكِفُونَ فِي الْمَساجِدِ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلا تَقْرَبُوها كَذلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ آياتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴾۱۸۷، ج:۴۰ یہ روزہ ماہ مبارک رمضان میں رکھنا ہے ان آیات کریمہ میں تفصیل سے بیان ہوا ہے

﴿شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِی أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدیً لِلنَّاسِ وَ بَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدی وَ الْفُرْقَانِ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ﴾ بقرہ ۱۸۵ میں آیا ہے

یہ روزہ ماہِ رمضان کے مہینے میں رکھنا ہے باقی تفصیل آگے بتائیں گے مریض یا سفر میں ہو تو روزہ قصر کر سکتا ہے واجب نہیں ہے روزہ رکھے تو بہتر ہے اگر قصر کرے تو ایک مد بھی دینا ہے بعد میں قضاء کرے اور ایک مد ہر دن کے لئے دے اگر کوئی مریض ہو یا سفر میں ہو تو روزہ رکھے تطوع اس فعل کو کہتے ہیں جو شریعت میں واجب آیا ہے جسے حالت مرض یا سفر میں افطار کر سکتے ہیں اگر روزہ رکھیں تو تطوع ہوگا ہر دن کا ایک مد دیں اور قضاء کریں اس حالت میں بھی اگر روزہ رکھیں اس کو تطوع کہتے ہیں یعنی فعل بذات خود اچھا ہے بجالائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے شریعت کے مطابق ہے ﴿فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْراً فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ﴾ مستحب روزوں کی اسناد کلمہ تطوع شامل نہیں ہوگا قرآن کریم کو ھدایت انسان سے باز رکھنے منصرف رکھنے آخرت سے چشم پوشی کر کے اس کو حصول دنیا کے لئے ذریعہ بنانا بدترین فاسدترین جرم و جنایت ہیں اللہ کو دھوکہ نہیں دیا جا سکتا ہے یہ سب اس آیت کریمہ کی مصداق ہے۔ تمہارے لئے ماہ رمضان کی رات میں عورتوں کے پاس جانا حلال کر دیا گیا ہے۔ وہ تمہارے لئے رات پردہ

پوش ہیں اورتم انکے لئے۔ خدا کومعلوم ہے کہ تم اپنے ہی نفس سے خیانت کرتے تھے تو اس نے تمہاری توبہ قبول کر کے تمہیں معاف کر دیا۔ اب تم اطمینان سے مباشرت کرو اور جو خدا نے تمہارے لئے مقدر کیا ہے اس کی آرزو کرو اور اس وقت تک کھا پی سکتے ہو جب تک فجر کا سیاہ ڈورا سفید ڈورے سے نمایاں نہ ہو جائے۔ اس کے بعد رات کی سیاہی تک روزہ کو پورا کرو اور خبردار مسجدوں میں اعتکاف کے موقع پر عورتوں سے مباشرت نہ کرنا۔ یہ سب مقررہ حدود الٰہی ہیں۔ ان کے قریب بھی نہ جانا۔ اللہ اس طرح اپنی آیتوں کو لوگوں کے لئے واضح طور پر بیان کرتا ہے کہ شاید وہ متقی اور پرہیزگار بن جائیں

بقرہ:۱۸۷ ﴿ وَ الصَّائِمینَ وَ الصَّائِماتِ ﴾ احزاب:۳۵

یہاں حرمت اور مباح کے بارے میں تفصیل بیان کی ہے اس میں مؤمنین سے خطاب کیا ہے اس میں محرمات اور واجبات کا ذکر ہے وہاں تعدی تجاوز کرنے سے منع کیا ہے ان حدود سے تعدی تجاوز کرنے والوں کو ظالم کہا ہے

احکام قرآنیہ صوم اختتام کرنے سے پہلے فقہاء علماء کے حکم قرآن پر ڈاکہ کا تذکرہ کرنا ضروری ہے صوم رمضان کی فضیلت میں ایک حدیث قدسی غیر مقدس پیش کرتے ہیں اللہ سے استناد نا روا کر کے کہتے ہیں الصوم لی وانا اجزی کیا صلات اللہ کے لئے نہیں ہے؟ حج بیت اللہ کیلئے نہیں ہے؟

۲۔ چالیس پنتالیس کلومیٹر پر گاڑی ایک گھنٹہ سفر کر کے روزہ قصر حکم تعبدی نہیں ہے سبب عسر ہے ہوائی جہاز میں اسلام آباد جانا ایران سعودیہ جانا عسر نہیں ہے

وجوب فطرہ اعراض از قرآن

وجوب فطرہ ۲۰، ۳۰ سال سے یہ فطرہ سیکولروں ملحدوں دہشت گردوں دین سے دو بدو جنگ لڑنے والوں کا بجٹ بنا تھا جو اسلام کی سربلندی کے لئے وضع ہو مؤمنین کی حفظ آبرو کے لئے وضع ہو وہ چیز کفر و الحاد کی بالادستی مؤمنین کی تذلیل وتحقیر بعض مواقع پر مؤمن کشی میں صرف ہو جائے تو اس عمل انحرافی کا احساس رکھنے والے کیا کرسکتا ہے اگر کچھ نہیں کر سکتا ہے تو اس پر کیا گذرے گا معاشر سے مقام وحیثیت رکھنے والے علماء انہیں داد وتحسین دیں اتحاد قائم کریں اس وقت خود اس چیز کے بارے میں سوچنے پر مجبور ہوتے ہیں اس کی قرآن وسنت میں کیا حیثیت ہے چنانچہ قضیہ خمس جس کے بارے میں کہا جاتا تھا ترویج دین اعلاء کلمہ اسلام کی راہ میں صرف ہوتا ہے بعد میں فاسقین فاجرین افعال حرام میں صرف کرتے دیکھا انگلش میڈیم سکول جعلی مزارات شعر گوئی ٹی وی چینل میں صرف ہوتے دیکھا۔ ہر روز کفر کا بول بالا دین والوں کی بول اسفل سافلین ہوتے دیکھ کر اس میں تحقیق کرنا شروع کی۔ نفی، عدمی پر پہنچا تھا اس طرح فطرہ بھی

ایک پیوند نا مناسب منصوب دیکھ کر تحقق میں لگے تھے۔حال ہی میں جب یہ کتاب لکھنا شروع کی تو بحث زکوٰۃ چھیڑی اس سلسلہ میں مصادر تلاش کرتے وقت فقہ زکاۃ فقیہ معاصر دکتور یوسف قرضاوی کو اٹھایا تو اس کتاب کے ص ۶۱۶ پر زکوٰۃ فطرہ کا ذکر تھے زکاۃ فطرہ کی ماہ رمضان کے اختتام پر کس آیت یا سنت رسول سے ثابت ہے نیز فطرہ کے معنی خلقت کے ہیں اور مال کا نکلنا تزکیہ نفس کے لئے ہے روزہ قبولیت کے لئے دینے والی مقدار کو فطرہ کہتے ہیں۔

زکات فطرہ: یوسف قرضاوی کہتے ہیں یہ کلمہ عربی نہیں ہے عربی میں یہ کلمہ استعمال نہیں یہ کلمہ کسی غیر عربی زبان سے بنایا ہے علامہ ابن عابدین نے لکھا ہے یہ لفظ مولدہ ہے۔عامی زبان ہے مولدہ وہ اصطلاحات ہے جو بنی امیہ کے دور میں استعمال آیا ہے۔اس کو صدقہ فطرہ کہتے ہیں اس کی سند کیا ہے؟ جس واجب کا نام مشکوک ومخدوش ہو غیر مربوط ہو قرضاوی جیسی علمی شخصیت خوف زدہ ہوتی ہے۔ملک جب ضعیف کمزور ہو جاتا ہے نالائق قیادت اقتدار پر آجاتے ہیں تو رفتہ رفتہ ملک طوائف الملوک میں بٹ جاتا ہے۔

آخری رمضان کو علماء مراجع رؤیت ھلال کا حکم صادر کرتے ہیں آلات تحقیقِ جدید یا شیاع یا حکم مرجع پر روزہ کھول سکتے ہیں کیا کسی کے لئے

ثابت ہو جائیں تو دوسروں کو بھی بتانا سب ساتھ روزہ کھولیں یہ کہاں سے نکلا ہے قرآن میں آیا ہے جس نے چاند دیکھا وہ روزہ کھولیں روزہ کھولنا رکھنا عید سے جوڑنا ظلم بربریت بدعت ہے قرآن سے کھیلنا ہے۔

دنیا میں تاریخ کا آغاز و اختتام شمسی حوالے سے کرتے ہیں دین اسلام میں حسب حکم قرآن چاند کے حساب سے کرتے ہیں عرصہ دراز سے جب سے اسلامی معاشرے پر ہیر پھیر کرنے والے باطنیہ کا قبضہ ہوا وہ اس کو توڑنے پر تلے ہوئے ہیں عرب ہمیشہ تاریخ عربی قمری سے کرتے تھے تاریخ شمسی فرضی ہے جو کسی بھی وقت سے کر سکتا ہے کیونکہ ان کے پاس کوئی دین نہیں ہوتا ہے لیکن دین اسلام میں تاریخ طبیعی ہے عربوں کو چاند کی حالت عجیب لگ گئی انھوں نے رسول اللہ سے سوال کیا چاند کیا ہے پہلے چھوٹا ہوتا ہے پھر بڑا ہو جاتا ہے پھر وہ چھوٹا ہو جاتا ہے پھر غائب ہوتا ہے پھر جب نکلتا ہے تو بہت باریک نکلتا ہے اس کی کیا منطق بنتی ہے کیا حقیقت ہے عرب ان پڑھ کے لئے یہ موضوع سمجھ میں آنے والے نہیں تھے اللہ سبحانہ نے فرمایا لوگ آپ سے چاند کے بارے میں پوچھتے ہیں ان کے سوال کا جواب نہیں دیا کیونکہ ان کی سمجھ میں آنے والی نہیں تھی کوئی فائدہ بھی نہیں تھے حکم بتایا ہے یہ جو چھوٹا ہوتا ہے پھر بڑا ہوتا ہے یہ تاریخ بتانے کے لئے ہے حج ماہ رمضان میں روزہ رکھنے کھولنے کے لئے ہے جب بنی عباس کی حکومت بنی بنی عباس

اھل فارس کے کاندھوں پے سوار ہو کے اقتدار پہنچے تھے انھوں نے حکومت پر دباؤ ڈالا کہ نوروز بھی حکومتی سطح پر منائے نوروز حکومتی سطح پر منانے کے لئے مسلمانوں کو خاموش کرنے کے لئے روزہ کھولنے کو عید کہا یہ حکومتی ملاؤں نے بنایا سب ایک دن روزہ رکھیں ایک دن سب کھولیں ایک طرف سے دین سے کھیلا دوسری طرف سے روزہ سے کھیلا اور روزہ رکھنے والوں پر جرمانے کے طور پر فطرہ واجب کیا اس دن سے مسلمانوں میں اختلافات کا ایک باب کھولا ہے حکمِ حاکم سے روزہ کھولے مجتہد جامع شرائط کے حکم سے روزہ کھولے یہ گیم مرجعیت کے گھر میں پہنچی یہاں سے شیعوں کے مرجعیت کے گھر سے دیہی گاؤں کے علماء تک پہنچی جس طرح ملکوں میں مشرق مغرب میں سورج نکلنے غروب ہونے کا وقت مختلف ہوتا ہے جتنا مشرق سے مغرب کی طرف جاتا ہے غروب آفتاب میں علاقے میں فرق پڑتا ہے تو جلدی مغرب ہو جاتی ہے سورج جب مشرق سے طلوع ہوتا ہے تو مغرب واقع علاقے میں فرق پڑتا ہے دیر ہوتا ہے چاند کا بڑا ہونا چھوٹا ہونا چاند اور سورج کے درمیان زمین آتی ہے تو چاند نظر آنا بند ہوتا ہے زمین چاند کے درمیان میں ڈھائی دن رہتی ہے اس کے لئے انھوں نے پہلے ایک افق بنایا بعد میں یورپ امریکا تک عید بھی ایک یا دو کے حساب کیا پھر شیاع بنایا یعنی بہت سوں نے دیکھا ہے ایک آدمی نے دیکھا اور دیگران نے نہیں دیکھا تو وہ

بھی روزہ نہیں کھول سکتا ہے یعنی اجتماع کے ساتھ کھولے یعنی حکم شرعی سے کھیل کھیلا ہے اس نام سے مصنوعی خوشی تازہ لباس پہننا ایک دوسرے کے گھر میں ملنے جانا بہت سی خرافات بھی مسلمانوں میں پھیلائی ہیں یہ اپنے گردن پے الٹا کے قیامت میں محشور ہونگے اب تو مجتہدین تک نہیں رہے گاؤں کے مولوی بھی مفتی بن گئے ہیں غرض دین کو قرآن سے لینے کی بجائے قیل وقال سے لینے کی سند فقہاء اربعہ سے شروع ہوئی ہے اور حدیث موثق میں تشریح آئی ہم اور یہ بڑا وسیع ملک ایک افق نہیں ہوتے اگر مشرق مغرب افق میں آجائیں شمال جنوب نہیں آتا پاکستان اور ایران ہندوستان سعودی جیسے ملکوں کا ایک افق نہیں ہوتا ہے کہاں کس دلیل سے ان کو ایک افق شرعی قرار دیا ہے۔ حکم حاکم حکم مجتہد شیاع متواتر سب جعلیات بے اسناد ہیں

عید کا جو مظاہر چل رہے ہیں وہ آیت قرآن سے متصادم ہیں لہٰذا قرآن آنے کے بعد یہ مظاہر عید پہلے عکاظوں میں ہوتے تھے اسلام آنے کے بعد ختم ہوئے تھے یہاں تک دور عباسی میں دوبارہ زندہ ہوئے ہیں دور عباس میں عباسیوں نے اہل فارس کو خوش کرنے کے لئے عید کا اعلان کیا جو مسلمانوں کے گلے پڑا ہے اس وقت سے ابھی تک فقہاء نے سنت جاہلیت عرب مجوس صلیبین زندہ کی ہے کسی فقیہ کے پاس کوئی ہاتھ پکڑنے

والی کوئی دلیل جو قرآن سے متصادم نہ ہو آیات محکمات سنت قطعیہ پیش کر کے لکھ کے نشر کی ہو؟ ہم فتویٰ نہیں دیتے لیکن چیلنج کرتا ہوں اصول محکمات قرآنی اعیاد کے خلاف مناظرہ ومکاتبّت کرتے ہیں۔

رمضان کے علاوہ بھی کچھ روزے بطور کفارات واجب ہیں یہ پانچ قسم کے ہیں

۱۔نکث یمین قسم توڑنا تین دن روزہ رکھنا ﴿فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيامُ ثَلاثَةِ أَيَّامٍ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ أَيمانِكُمْ إِذا حَلَفْتُمْ ﴾ مائدہ:۸۹

۲۔قربانی درمنی کے بدلہ دس دن روزہ ﴿ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ فَإِذا أَمِنْتُمْ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيامُ ثَلاثَةِ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَ سَبْعَةٍ إِذا رَجَعْتُمْ تِلْكَ عَشَرَةٌ كامِلَةٌ ﴾ بقرہ:۱۹۶

۳۔کسی انسان کو غلطی سے قتل کیا ہے تو اس کے کفارے میں دو مہینے روزہ رکھنا ہے ﴿ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيامُ شَهْرَيْنِ مُتَتابِعَيْنِ ﴾ نساء:۹۲

۴۔ظہار ہے اپنی بیوی سے ہمبستری نہ کرنے کے لئے کہا میرے لئے تم میری ماں کی کمر مانند ہے ﴿وَ الَّذينَ يُظاهِرُونَ مِنْ نِسائِهِمْ ثُمَّ يَعُودُونَ لِما قالُوا فَتَحْريرُ رَقَبَةٍ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَتَماسَّا ذٰلِكُمْ تُوعَظُونَ بِهِ وَ اللَّهُ بِما تَعْمَلُونَ خَبيرٌ ﴾ مجادلہ:۳،﴿فَمَنْ لَمْ يَجِدْ

فَصِیامُ شَهْرَیْنِ مُتَتابِعَیْنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ یَتَماسَّا﴾ ۴ میں ہے

احکام ایمانیات معجم مفصل ص ۱۵۷ ﴿وَ لا تَجْعَلُوا اللَّهَ عُرْضَةً لِأَیْمانِکُمْ﴾ بقرہ: ۲۲۴ ﴿لا یُؤاخِذُکُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فی أَیْمانِکُمْ وَ لکِنْ یُؤاخِذُکُمْ بِما عَقَّدْتُمُ الْأَیْمانَ فَکَفَّارَتُهُ إِطْعامُ عَشَرَةِ مَساکینَ مِنْ أَوْسَطِ ما تُطْعِمُونَ أَهْلیکُمْ أَوْ کِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْریرُ رَقَبَةٍ فَمَنْ لَمْ یَجِدْ فَصِیامُ ثَلاثَةِ أَیَّامٍ ذلِکَ کَفَّارَةُ أَیْمانِکُمْ إِذا حَلَفْتُمْ وَ احْفَظُوا أَیْمانَکُمْ﴾ مائدہ :۸۹ ﴿وَ لا تَکُونُوا کَالَّتی نَقَضَتْ غَزْلَها مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْکاثاً تَتَّخِذُونَ أَیْمانَکُمْ﴾ نحل :۹۲، ﴿وَ لا تَتَّخِذُوا أَیْمانَکُمْ﴾ ۹۴

کتاب دائرۃ المعارف الشیعی اعلمی جلد ۱۱ ص ۳۳۱ شعبان رمضان رجب میں روزے رکھنے والوں کے لئے بے نہایت اجر وثواب نقل کیا ہے میں یہاں علماء بزرگ دانشمندان اور دانشوران دینداران سے سوال و استفسار کرنا چاہتا ہوں رمضان المبارک میں روزہ اللہ کی کتاب میں آیا ہے اس کے لئے کوئی اجر وثواب نہیں لیکن رجب شعبان و دیگر دنوں کے لئے روزہ رکھنے کے لئے اجر وثواب کیوں؟ ان روزوں کی اسناد کیا ہے؟

یہاں ہم ایک عرصہ طویل سے مفاتیح یا علماء کی زبان میں مستحبات نفلیات مندوبات کی ترغیب سن رہے تھے دل میں خراش اس وقت آئی جب

بعض مستحبات کے لئے اجر وثواب کثیر رکھا ہے اس کا مقصد کیا ہے اللہ نے خود کے واجب کردہ عبادت کے لئے کوئی اجر وثواب نہیں رکھا ہے اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ یہ لوگ دھوکہ باز بدنیت ضد دین والے ہیں بدنیتی پرمبنی ہے چنانچہ ہر مہینے تین دن یا پھر رجب شعبان رمضان ملا کے تین مہینے متصل روزہ رکھے یہ لوگ ایک طرف سے نفلیات مستحبات ٹھونستے ہیں اور دوسری طرف سے واجبات میں خلل اور تسامح پیدا کرتے ہیں یہاں سے ہمارے ذہن میں شکوک وشبہات جنم دیئے

احکام قرآنیہ حج بیت اللہ

یہ تینوں عبادات تنہا شریعت اسلام سے مخصوص نہیں ہیں بلکہ شرائع سابق میں بھی موجود تھیں اگر کوئی جہت وکیفیت میں فرق آیا ہے تو اس کو پیغمبر نے عملاً بیان کیا ہے جیسا کہ ﴿إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِى بِبَكَّةَ مُبَارَكاً وَ هُدىً لِلْعالَمِينَ ﴾ عمران:۹۶ میں آیا ہے حضرت ابراہیم سے ہوتا ہوا پیغمبر کے دور تک حج کا سلسلہ جاری تھا دور جاہلیت میں لوگ موسم حج میں حجاج بیت اللہ الحرام کے جان و مال کے تحفظ کی خاطر تین مہینے جنگ نہ کرنے اور سال بھر عمرے کے لئے آتے تھے حج کے موقع پر حج کے لئے آتے تھے اور کسی بھی وقت کہیں بھی نہیں ملتا کہ وہ عمر بھر میں ایک دفعہ کرتے تھے تو یہاں سے یہ سوال ہے کہ یہ ایک دفعہ عمر بھر میں کہاں سے نکالا ہے جو

روایت اس سلسلے میں پیش کرتے ہیں یہ روایت جہاں اس کے راوی مجہول، روایت مرسلہ اور اپنے متن بھی مخدوش ہے روایت میں آیا ہے پیغمبر سے کسی عرب نے سوال کیا کتاب موسوعہ فقہیہ کویتی جلد ۱۷ ص ۲۴ میں آیا ہے مسلم نے ابوھریرہ سے نقل کی ہے کہ پیغمبر نے خطبہ دیا آپ نے فرمایا ایھا الناس قد فرض اللہ علیکم الحج ؛فقال رجل: أکل عام یا رسول اللہ ﷺ تو کسی نے پوچھا یا رسول اللہ کیا حج ہر سال واجب ہے پیغمبر خاموش رہے جواب نہیں دیا اس آدمی نے پھر پوچھا تیسری دفعہ پیغمبر نے فرمایا اگر میں نعم کہتا تو ہر سال واجب ہوتا ایک آدمی نے پوچھا یہ اپنی جگہ نکرہ ہے اس کا نام کیوں نہیں آیا یہ خلاف سیرت رسول اللہ ہے

۲۔حضرت محمد اللہ کی طرف مأموریت رکھتے ہیں سائلین کا جواب دیں۔

۳۔رسول اللہ کے نعم، لا سے واجب حرام نہیں ہوتا ہے لا سے ساقط نہیں ہوتا وجوب وحرمت، حکم اللہ سے ہوتا ہے۔

۴۔کسی کو رعشہ آیا تو نبی کریم نے اس کو بتایا کہ اجتماع میں اٹھ کر سوال کرے یہاں سے جعل کی بدبو آتی ہے۔

۵۔اس نے دو دفعہ پوچھا جواب نہیں ملا اس کا معنی اس کے ساتھ بے اعتنائی کی یہ عبس کی شان نزول جیسا بنتا ہے۔

۶۔اللہ نے اس آیت میں حج کے وجوب کو استطاعت سے جوڑا ہے چنانچہ آیت کریمہ میں آیا ہے کہ وہ جو استطاعت رکھتے ہیں یہ اللہ کے لئے لوگوں کے ذمہ واجب ہے کہ وہ بیت اللہ کا حج کریں استطاعت کی اقسام ہیں استطاعت مالی استطاعت جسمانی استطاعت مکانی استطاعت انتظامیہ مکہ سب ملک مستطیع ہوتا ہے جو قرب و بعد مکہ مکرمہ کی نسبت اپنے ملک کی انتظامیہ سے فرق پڑتا ہے حکومت مکہ کی انتظامیہ کی اجازت بھی استطاعت میں فرق پڑتا ہے اپنے ملک کی انتظامیہ کی اجازت بھی استطاعت میں آتی ہے شریعت فقہ اور حدیث نے دین سے کھیل کھیلا ہے ابراہیم جناتی نے کہا ہے ہم نیا آغائے شہرودی کے تین سو فتوی تبدیل کئے ہیں لیکن ہمیں یہاں ایک مسئلہ یاد آتا ہے حیرت کی بات ہے۔

﴿وَ لِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطاعَ إِلَيْهِ سَبيلاً﴾ عمران:۹۷

﴿إِنَّ الصَّفا وَ الْمَرْوَةَ مِنْ شَعائِرِ اللَّهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلا جُناحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِما﴾ ﴿الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَعْلُوماتٌ فَمَنْ فَرَضَ فيهِنَّ الْحَجَّ فَلا رَفَثَ وَ لا فُسُوقَ وَ لا جِدالَ فِي الْحَجِّ وَ ما تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللَّهُ وَ تَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوى وَ اتَّقُونِ يا أُولِي الْأَلْبابِ﴾ ۱۹۷، ﴿لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُناحٌ أَنْ تَبْتَغُوا

فَضْلاً مِنْ رَبِّکُمْ ﴾

وقوف عرفات و مشعر الحرام کے بارے میں آیت: ﴿ فَإِذا أَفَضْتُمْ مِنْ عَرَفاتٍ فَاذْکُرُوا اللَّهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرامِ وَ اذْکُرُوهُ کَما هَداکُمْ وَ إِنْ کُنْتُمْ مِنْ قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّالِّينَ ﴾۱۹۸، ﴿ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفاضَ النَّاسُ وَ اسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ﴾ ۱۹۹، ﴿ فَإِذا قَضَيْتُمْ مَناسِکَکُمْ فَاذْکُرُوا اللَّهَ کَذِکْرِکُمْ آباءَکُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِکْراً فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ رَبَّنا آتِنا فِي الدُّنْيا وَ ما لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلاقٍ ﴾۲۰۰، ﴿وَ مِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ رَبَّنا آتِنا فِي الدُّنْيا حَسَنَةً وَ فِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَ قِنا عَذابَ النَّارِ ﴾۲۰۱، ﴿أُولئِکَ لَهُمْ نَصِيبٌ مِمَّا کَسَبُوا وَ اللَّهُ سَرِيعُ الْحِساب﴾۲۰۲

تمام مناسک بلا استثناء توڑنے کے لئے جعلی مسائل بنائے ہیں حکم وقوف در منیٰ توڑنے کے لئے رات حرم میں عبادت میں گزارنے کی تلقین کرتے ہیں حرم میں نہیں اپنے بستر پر آرام سے سوئیں وقوف منیٰ ساقط ہے ﴿وَ اذْکُرُوا اللَّهَ فِي أَيَّامٍ مَعْدُوداتٍ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِي يَوْمَيْنِ فَلا إِثْمَ عَلَيْهِ وَ مَنْ تَأَخَّرَ فَلا إِثْمَ عَلَيْهِ لِمَنِ اتَّقى وَ اتَّقُوا اللَّهَ وَ اعْلَمُوا أَنَّکُمْ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴾۲۰۳، وجوب حج بیت اللہ الحرام: ﴿إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِي بِبَکَّةَ مُبارَکاً وَ هُدىً

لِلْعالَمینَ ﴾عمران:۹۶،﴿فیهِ آیاتٌ بَیِّناتٌ مَقامُ إِبْراهیمَ وَ مَنْ دَخَلَهُ كانَ آمِناً وَ لِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطاعَ إِلَیْهِ سَبیلاً وَ مَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللَّهَ غَنِیٌّ عَنِ الْعالَمینَ ﴾۹۷

واجبات ومحرمات حج: ﴿یا أَیُّهَا الَّذینَ آمَنُوا أَوْفُوا بِالْعُقُودِ أُحِلَّتْ لَكُمْ بَهیمَةُ الْأَنْعامِ إِلاَّ ما یُتْلى عَلَیْكُمْ غَیْرَ مُحِلِّی الصَّیْدِ وَ أَنْتُمْ حُرُمٌ إِنَّ اللَّهَ یَحْكُمُ ما یُریدُ ﴾۳۲

حج میں قربانی: مومن مسلمان جہاں کہیں ہوں جس کسی نے اس کتاب کو پڑھا ان سے توجہ کا طالب ہوں اس وقت حج عظیم فریضہ شکوک وشبہات میں ڈوبا ہوا ہے کاروان لوگوں سے قربانی کی رقم وصول کر کے قربانی نہیں کرتے ہیں قربانی مشکوک ہوتی ہے اطمینان سکون قلبی کیلئے قربانی کے بدلے میں روزے رکھیں وہ تسلی بخش ہے﴿وَ الْبُدْنَ جَعَلْناها لَكُمْ مِنْ شَعائِرِ اللَّهِ لَكُمْ فیها خَیْرٌ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَیْها صَوافَّ فَإِذا وَجَبَتْ جُنُوبُها فَكُلُوا مِنْها وَ أَطْعِمُوا الْقانِعَ وَ الْمُعْتَرَّ كَذلِكَ سَخَّرْناها لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴾۳۶﴿لَنْ یَنالَ اللَّهَ لُحُومُها وَ لا دِماؤُها وَ لكِنْ یَنالُهُ التَّقْوى مِنْكُمْ كَذلِكَ سَخَّرَها لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلى ما هَداكُمْ وَ بَشِّرِ الْمُحْسِنینَ ﴾۳۷

مائدہ:۱، ﴿یا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لا تُحِلُّوا شَعائِرَ اللَّهِ وَ لاَ الشَّهْرَ
الْحَرامَ وَ لاَ الْهَدْىَ وَ لاَ الْقَلائِدَ وَ لاَ آمِّينَ الْبَيْتَ الْحَرامَ
يَبْتَغُونَ فَضْلاً مِنْ رَبِّهِمْ وَ رِضْواناً وَ إِذا حَلَلْتُمْ فَاصْطادُوا وَ لا
